05/06/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

فسٹیول

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر ایک زندہ و جاوید قرطاس ہے جس پر صدیوں سے فہم و دانش ، اختراع ، فنکاری اور دستکاری نقش کی گئی ہے ۔

سرینگر میں ایک ہفتے تک جاری رہنے والے رنگِ کشمیر نامی ثقافتی فسٹیول سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ کسی ملک کی مضبوطی اس کی دولت اور طاقت میں نہیں بلکہ اس کے جذبے ، روایات کی گہرائی اور اس کے ثقافت کی فعالیت میں مضمر ہوتی ہے ۔

------

اس موقعہ پر وادی سے تعلق رکھنے والے معروف فلم ساز مشتاق علی احمد خان کو ایوارڈ سے نوازا گیا ۔

لیفٹننٹ گورنر

————————————————Rishiwar ” سرینگر میںSKICCاسی دوران لیفٹننٹ گورنر نے کے نام سے منعقدہ بین العقائد کانفرنس میں بھی شرکت کی ۔ “©

انہوں نے کہا کہ سبھی خیالات اور عقائد کا احترام سناتن دھرم کی روایت رہی ہے اور بھارت میں صدیوں سے کثرت میں وحدت کا جذبہ پروان چڑھتا آیا ہے ۔

----

پد یاترا

جموں کشمیر میں منشیات کی لعنت کا قلع قمع کرنے کے لئے سو روزہ نشہ مکت ابھیان زور و شور سے جاری ہے ۔ اس سلسلے کی ایک کڑی کے تحت آج گاندربل میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں ایک پد یاترا نکالی جا رہی ہے۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار ایک اثر دار ،شفاف اور جوابدہ طریقے پر ادویات اور دیگر طبی آلات کی خریداری اور تقسیم کاری کے نظام سے طبی نگہداشت کی فراہمی میںبہتری لانے کے لئے پُر عزم ہے ۔

وہ سرینگر میں جموں کشمیر میڈیکل سپلائز کارپوریشن لمیٹڈ کی کارگزاری کا جائزہ لے رہی تھیں جہاں انہوں نے طبی شعبے کی سپلائی منیجمنٹ میں شفافیت بڑھانے پر زور دیا ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی اور جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے بارہمولہ اسمبلی حلقے میں عوامی استعمال کے اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کی معیاد بند تکمیل یقینی بنانے کے لئے زیرِ التواءمعاملات کو نپٹانے کی خاطر Clearances کے عمل میں تیزی لانے کی ہدایت دی ہے ۔

وہ حلقے میں تعمیراتی منظر نامے کا افسروں کی ایک میٹنگ میں جائزہ لے رہے تھے ۔

NDA

مرکز میں NDA حکومت کے 12 برس مکمل ہونے پر آکاشوانی نیوز سرینگر کی طرف سے اب سے کچھ ہی دیر بعد یعنی آج صبح ساڑھے نو بجے ایک خصوصی پروگرام نشر ہو گا ۔

پروگرام کے مہمان ہوں گے معروف ماہرِ اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب اور ان کے ساتھ شریکِ گفتگو ہوں گے ڈائریکٹر نیوز اور شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر ۔

ایوارڈ

جموں کشمیر پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے مئی کے مہینے میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی عمل آوری میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے دوسرا مقام حاصل کیا ہے ۔

اس سلسلے میں نئی اور قابلِ تجدید توانائی کی مرکزی وزارت کی جانب سے نئی دلی میں منعقدہ ایک انعامی تقریب پر KPDCL - کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ نے ایوارڈ حاصل کیا

عالمی دن

آج ماحولیات کو تحفظ دینے سے متعلق عالمی دن ہے ۔ آج کے دن حیاتیاتی تنوع کو تقویت بخشنے نیز آلودگی کو کم کرنے کیلئے درکار لازمی اقدامات کو اجا گر کیاجاتا ہے ۔

دنیا بھر میں ماہرین ماحولیات نے ماحولیاتی توازن کو بر قرار رکھنے کیلئے اختراعی اقدامات کرنے کی ضرورت پرزوردیاہے تاکہ کرہ

---

ارض اور اس پر بود و باش کرنے والے جاندار بنا کسی آلائش اور رکاوٹ کے اپنی زندگی گذار نے سکیں۔

غلام علی کھٹانہ

راجیہ سبھا کے ممبر غلام علی کھٹانہ نے اوڑی کا دورہ کر کے وہاں لگامہ علاقے میں ایک عوامی دربار منعقد کیا ۔ اس دوران انہوں نے مقامی لوگوں کی طرف سے ابھارے گئے مختلف مسائل کی سماعت کی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ21 اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ